ماہِ قرآن رمضان المبارک میں امتّت محبوبِ رحمٰن کو پہنچائیں،
پیغامِ قرآن اور فرامینِ شاہِ دو جہان
درسِ قرآن و حدیث
رمضان المبارک 1446
پیشکش
علامہ راشد علی عطاری مدنی
درس نمبر:06
ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

درسِ رمضان المبارک:06

مرتبین

مولانا ضیاء الحق چوھان

زیرِ نگرانی

علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ ششم مع درسِ حدیث

مرتب : مولاناضیاء الحق چوہان

صفحات : 19

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹر نیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کرکے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

مولانا ضیاء الحق چوہان

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دوار بعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاءاللہ

خلاصہ پارہ ششم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوة والسلام عليك يارسو ل الله

بری بات کاچرچانہ کرو۔(پارہ:6،النساء:148)

درگزرکرو۔(پارہ:6،النساء:149)

ایمان لانے میں رسولوں کے درمیان فرق نہ کرو۔ (پارہ:6، النساء:150)

اللہ اور اس کے سب رسولوں پر ایمان لاؤ اور ان میں سے کسی میں فرق نہ کرو۔(پارہ:6،النساء:152)

عہد شکنی نہ کرو۔(پارہ:6،النساء:155)

آیاتِ الٰہی کاانکارنہ کرو۔(پارہ:6،النساء:155)

کسی پر بہتان نہ لگاؤ۔(پارہ:6،النساء:156)

عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق عقیدہ درست رکھو کہ ہو آسمانوں پر زندہ ہیں،سولی نہ دیے گئے،نہ ہی قتل کیے گئے۔

گمان کی پیروی نہ کرو۔(پارہ:6،النساء:157)

ظلم نہ کرو۔(پارہ:6،النساء:160)

کسی کو اللہ کی راہ سے نہ روکو۔(پارہ:6،النساء:160)

سودی لین دین سے بچو۔(پارہ:6،النساء:161)

لوگوں کا مال ناحق نہ کھاؤ۔(پارہ:6،النساء:161)

تمام کتبِ سماوی پر ایمان رکھو۔(پارہ:6،النساء:162)

نماز قائم کرو۔(پارہ:6،النساء:162)

زکوٰۃ ادا کرو۔(پارہ:6،النساء:162)

اللہ اور یومِ آخرت پر ایمان رکھو۔(پارہ:6،النساء:162)

اللہ کو غالب حکمت والا مانو۔(پارہ:6،النساء:165)

اللہ کی گواہی کو کافی جانو۔(پارہ:6،النساء:166)

اپنے بھلے کے لیے رسول اللہ ﷺ پر ایمان لاؤ اور اللہ کو علیم و حکیم مانو۔(پارہ:6،النساء:170)

دین میں زیادتی نہ کرو۔(پارہ:6،النساء:171)

اللہ کے بارے میں سچ کہو۔(پارہ:6،النساء:171)

اللہ کی وحدانیت پر ایمان رکھو اور اس کی تسبیح بیان کرو۔(پارہ:6، النساء:171)

اللہ کو کافی اور کارساز مانو۔(پارہ:6، النساء:171)

تکبر سے بچو۔(پارہ:6، النساء:172)

ایمان کے ساتھ ساتھ عملِ صالح بھی بجالاؤ اور تکبر سے بچو۔(پارہ:6، النساء:173)

اللہ کی رسی مضبوط پکڑو۔(پارہ:6، النساء:175)

اگر کسی مرد کا انتقال ہو جس کی اولاد نہ ہو اور اس کی ایک بہن ہو تو ترکہ میں اس کی بہن کو نصف حصہ دو۔(پارہ:6، النساء:176)

اگر اس کی دو بہنیں ہوں تو دونوں کو ترکہ میں دو تہائی حصہ دو۔(پارہ:6، النساء:176)

اگر اس کا بھائی بھی ہو اور بہن بھی تو بھائی کو بہن سے دگنا حصہ دو۔(پارہ:6، النساء:176)

اگر بہن بے اولاد مری تو اس کا کل مال اس کے بھائی کو دو۔(پارہ:6، النساء:176)

معاہدوں کو پورا کرو۔(پارہ:6،المائدہ:1)

حالتِ احرام میں شکار نہ کرو۔(پارہ:6،المائدہ:1)

اللہ کی نشانیوں کی بے حرمتی نہ کرو۔(پارہ:6،المائدہ:2)

ادب والے مہینے، حرم کو بھیجی گئی قربانی اور پٹے والے جانور کی بے حرمتی نہ کرو۔(پارہ:6،المائدہ:2)

زائرینِ حرم کی بے حرمتی نہ کرو یعنی ان کے مال اور عزت آبرو کو برباد نہ کرو۔(پارہ:6،المائدہ:2)

کسی پر زیادتی نہ کرو۔(پارہ:6،المائدہ:2)

اچھے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرو۔(پارہ:6،المائدہ:2)

برے کاموں میں ایک دوسرے سے تعاون نہ کرو۔ (پارہ:6، المائدہ:2)

اللہ سے ڈرو۔(پارہ:6،المائدہ:2)

مردار اور خون اور سور کا گوشت اور اس جانور کو جس کے ذبح میں غیر خدا کا نام پکارا گیا ہو حرام مانو۔(پارہ:6،المائدہ:3)

گلا گھوٹنے سے مرنے والے، بے دھاری چیز کی چوٹ سے مرنے

والے، گر کر مرنے والے ، دوسرے جانور کے سینگ لگنے سے مرنے والے اور کسی درندے کے حملے سے مرنے والے جانور کو بھی حرام جانو، البتہ ان واقعات کے بعد جان نکلنے سے پہلے اگر ان کو شرعی طور پر ذبح کر لو تو حلال ہیں۔(پارہ:6، المائدہ:3)

جو جانور کسی تھان پر (معبودانِ باطلہ کے نشانات کے قریب عبادۃً) ذبح کیا گیا اسے بھی حرام جانو۔(پارہ:6، المائدہ:3)

کفار سے نہ ڈرو بلکہ اللہ سے ڈرو۔(پارہ:6، المائدہ:3)

حالتِ اضطرار میں جان بچانے کے لیے لقمۂ حرام کھا سکتے ہو مگر نہ تو ضرورت سے زیادہ کھاؤ اور نہ لذت کے لیے۔(پارہ:6، المائدہ:3)

سِدھائے ہوئے شکاری جانور جب کسی حلال جانور / پرندے کو مار کر تمہارے لیے روک لیں تو اللہ کا نام لے کر اس کو کھا سکتے ہو۔(پارہ:6، المائدہ:4)

نماز ادا کرنے کے لیے وضو کرو۔(پارہ:6، المائدہ:6)

پانی نہ ملے تو وضو یا غسل کی جگہ تیمم کر لو۔(پارہ:6، المائدہ:6)

اللہ کا شکر ادا کرو۔(پارہ:6، المائدہ:6)

اللہ کی نعمتوں کا ذکر کرو اور اس سے ڈرو۔(پارہ:6،المائدہ:7)

انصاف پر قائم رہتے ہوئے گواہی دو۔(پارہ:6،المائدہ:8)

کسی قوم کی عداوت میں بے انصافی نہ کرو۔(پارہ:6،المائدہ:8)

اللہ ہی پر بھروسہ کرو۔(پارہ:6،المائدہ:11)

نماز قائم کرو، زکوٰۃ دو، رسلِ کرام علیہم السلام پر ایمان رکھتے ہوئے ان کی تعظیم بجالاؤ۔(پارہ:6،المائدہ:12)

اللہ کو قرض حسن دو یعنی اپنا مال راہِ خدا میں خرچ کرو۔(پارہ:6، المائدہ:12)

عہد شکنی سے بچو۔(پارہ:6،المائدہ:13)

اللہ کی باتوں کو ان کے ٹھکانے سے مت بدلو۔(پارہ:6،المائدہ:13)

معاف کرنے اور درگزر کرنے کی روش اپناؤ۔(پارہ:6،المائدہ:13)

باہمی عداوت اور بغض سے بچو۔(پارہ:6،المائدہ:14)

اللہ کی رضا کے تابع رہ کر سلامتی کے راستوں پر چلو۔(پارہ:6، المائدہ:16)

شرک سے بچو۔(پارہ:6،المائدہ:17)

زمین و آسمان کی بادشاہی کا مالک اللہ ہی کو مانو۔(پارہ:6، المائدہ:17)

اللہ کو تمام اشیاء کا خالق اور ہر (ممکن) شے پر قادر مانو۔ (پارہ:6، المائدہ:17)

اللہ کو اپنے فیصلوں میں کسی کا پابند نہ سمجھو اور اسی کی طرف واپس پلٹنے کا عقیدہ رکھو۔(پارہ:6، المائدہ:18)

اللہ کی نعمتوں کا ذکر کرو۔(پارہ:6، المائدہ:20)

اللہ ہی پر بھروسہ کرو۔(پارہ:6، المائدہ:23)

بے حکموں یعنی فاسقوں سے علیحدگی اختیار کرو۔ (پارہ:6، المائدہ:25)

ظلم نہ کرو۔(پارہ:6، المائدہ:29)

خواہشاتِ نفسانی کی پیروی نہ کرو۔(پارہ:6، المائدہ:30)

قتلِ ناحق سے بچو۔(پارہ:6، المائدہ:32)

زمین میں فساد برپا نہ کرو۔(پارہ:6، المائدہ:32)

حد سے نہ بڑھو۔(پارہ:6، المائدہ:32)

گناہوں سے توبہ کرو۔(پارہ:6، المائدہ:34)

اللہ کی طرف وسیلہ ڈھونڈو۔(پارہ:6،المائدہ:35)

اللہ کی راہ میں جہاد کرو۔(پارہ:6،المائدہ:35)

چور اور چورنی کا ہاتھ کاٹو۔(پارہ:6،المائدہ:38)

گناہ سرزد ہو جائے تو توبہ کرکے اپنی اصلاح کر لو۔ (پارہ:6، المائدہ:39)

دل سے ایمان قبول کرو۔(پارہ:6،المائدہ:41)

جھوٹ سے بچو۔(پارہ:6،المائدہ:41)

حرام خوری سے بچو۔(پارہ:6،المائدہ:42)

انصاف سے فیصلے کرو۔(پارہ:6،المائدہ:42)

لوگوں سے نہ ڈرو بلکہ اللہ سے ڈرو۔(پارہ:6،المائدہ:44)

آیاتِ الٰہی کے بدلے قلیل ثمن نہ لو یعنی دنیا کمانے کے لیے آیاتِ الٰہی کو غلط معنی نہ پہناؤ۔(پارہ:6،المائدہ:44)

کلامِ الٰہیہ کے مطابق احکام جاری کرو۔(پارہ:6،المائدہ:44)

قصاص کا قانون اپناؤ۔(پارہ:6،المائدہ:54)

اللہ کے نازل کیے پر حکم نہ کرکے فاسق مت بنو۔(پارہ:6،

المائدہ:74)

کفار کی خواہشوں کی پیروی نہ کرو۔(پارہ:6، المائدہ:48)

بھلائیوں کی طرف سبقت چاہو۔(پارہ:6، المائدہ:48)

کفار کی صحبت سے بچو۔(پارہ:6، المائدہ:49)

جاہلیت کے احکام نہ چاہو۔(پارہ:6، المائدہ:50)

یہود و نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ۔(پارہ:6، المائدہ:51)

ظلم / بے انصافی سے بچو۔(پارہ:6، المائدہ:51)

اسلام پر سختی سے قائم رہو اور ارتداد سے بچو۔(پارہ:6، المائدہ:54)

مسلمانوں کے ساتھ نرمی اور کافروں کے ساتھ سختی اپناؤ۔(پارہ:6، المائدہ:54)

اللہ کی راہ میں جہاد کرو۔(پارہ:6، المائدہ:54)

کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کرو۔ (پارہ:6، المائدہ:54)

اللہ ، رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اور اہلِ ایمان کو اپنا دوست بناؤ۔(پارہ:6، المائدہ:55)

نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دیا کرو، نیز اللہ ہی کے حضور جھکو۔(پارہ:6، المائدہ:55)

کفار کو دوست نہ بناؤ۔(پارہ:6، المائدہ:57)

دین کو ہنسی کھیل نہ بناؤ۔(پارہ:6، المائدہ:58)

منافقت سے بچو۔(پارہ:6، المائدہ:61)

گناہ، ظلم اور حرام خوری سے بچو۔(پارہ:6، المائدہ:62)

دوسروں کو گناہ کی بات کہنے اور حرام کھانے سے منع کرو۔(پارہ:6، المائدہ:63)

اللہ تعالیٰ کو نقص و عیب سے منزہ مانو۔(پارہ:6، المائدہ:64)

آپس میں دشمنی اور بغض نہ رکھو۔(پارہ:6، المائدہ:64)

فسادی نہ بنو۔(پارہ:6، المائدہ:64)

تقویٰ اختیار کرو۔(پارہ:6، المائدہ:65)

برے کاموں سے بچو۔(پارہ:6، المائدہ:66)

اللہ کے احکام لوگوں تک پہنچاؤ۔(پارہ:6، المائدہ:67)

کافروں کا غم نہ کرو۔(پارہ:6، المائدہ:68)

سچے دل سے ایمان لاؤاور نیک اعمال بجالاؤ۔(پارہ:6،المائدہ:69)

شرک اور ظلم سے بچو۔(پارہ:6،المائدہ:72)

اللہ ہی کی عبادت کرو۔(پارہ:6،المائدہ:73)

اللہ کی طرف رجوع لاؤاور بخشش مانگو۔(پارہ:6،المائدہ:74)

دین میں ناحق زیادتی نہ کرو۔(پارہ:6،المائدہ:77)

گمراہوں کی پیروی نہ کرو۔(پارہ:6،المائدہ:77)

نافرمانی اور حد سے بڑھنے سے بچو۔(پارہ:6،المائدہ:78)

آپس میں ایک دوسرے کو برے کاموں سے روکو۔ (پارہ:6، المائدہ:79)

کافروں سے دوستی نہ کرو۔(پارہ:6،المائدہ:80)

علماءوصلحا کی قدر کرو۔(پارہ:6،المائدہ:82)

تکبر سے بچو۔(پارہ:6،المائدہ:82)

درسِ حدیث نبوی ﷺ

دعا میں دُرود شریف

اِجْعَلُوْنِی فِی وَسْطِ الدُّعَاءِ وَفِی اَوَّلِہٖ وَفِی آخِرِہٖ

فرمان آخِری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: "مجھے دُعا کے درمیان، شُروع اور آخِر میں رکھو۔ (مصنف عبد الرزاق، 141/2، حدیث: 850) (یعنی تم مجھ پر اپنی دُعا کے شُروع میں، درمیان میں اور آخِر میں دُرُود بھیجو)

نیکی کا راستہ بتانے کا ثواب

مَنْ دَلَّ عَلٰی خَیْرٍ، فَلَہٗ مِثْلُ اَجْرِ فَاعِلِہٖ

(مسلم، ص 809، حدیث: 4899)

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم: "جو شخص کسی کو نیکی کا راستہ بتائے گا، تو اسے بھی اتنا ہی ثواب ملے گا جتنا کہ

اس نیکی کرنے والے کو ”نیکی کرنے والا، کرانے والا، بتانے والا، مشورہ دینے والا سب ثواب کے مُستَحِق ہیں۔ (مراٰۃ المناجیح،194/1)

نرم دل

مَنۡ یُحۡرَمِ الرِّفۡقَ، یُحۡرَمِ الۡخَیۡرَ

(مسلم، ص1072، حدیث:6598)

فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: جو نرمی سے محروم رہا، وہ ہر بھلائی سے محروم رہا۔

شرح حدیث: جس پر رب مہربان ہوتا ہے اسے نرم دل بنا دیتا ہے، جس پر رب کا قہر ہوتا ہے اسے سخت دل کر دیتا ہے، سخت دل میں کسی کا وعظ (یعنی بیان) اثر نہیں کرتا۔ (مراٰۃ المناجیح،636/6)

مشکوک چیزیں چھوڑ دیجئے

دَعْ مَا يُرِيْبُكَ اِلَى مَا لَا يُرِيْبُكَ

)ترمذی، 232/4، حدیث: 2526)

فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: جو چیز تجھے شک میں ڈالے اسے چھوڑ دے اور جس میں شک نہ ہو اسے اختیار کر۔ شرح حدیث: جس چیز کے اچھا یا برا اور حلال یا حرام ہونے میں شک ہو تو اُسے چھوڑ کر اُس چیز کو اختیار کرو جس میں کوئی شک نہ ہو اور اُس کا اچھا اور حلال ہونا یقینی ہو۔ (فیض القدیر، 706/3) اِس حدیث سے مقصود یہ ہے کہ بندہ اپنے کام کی بنیاد یقین پر رکھے۔ (مرقاۃ المفاتیح، 24/6 مفہوماً)

✍ راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل
https://wa.me/923126392663

اپنا تعلیمی ادارہ بنائیں | علم بھی پھیلائیں | روزگار بھی پائیں

آن لائن انسٹیٹیوٹ / اکیڈمی کیسے بنائیں؟

قرآن کورسز کیسے کروائیں؟
(15 کورسز کروانے کی تربیت و نصاب)

حدیث کورسز کیسے کروائیں؟
(19 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

تعلیمات قرآن و حدیث کورس کیسے کروائیں؟
(کورسز اور کتابوں کی نشاندہی)

سیرت کورسز کیسے کروائیں؟
(14 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

انسٹیٹیوٹ چلانے میں معاون 100 سے زائد اہم ترین نکات پر لیکچر ہوں گے۔

- آن لائن اداروں کی ضرورت و اہمیت
- آن لائن کورسز کیوں اور کیسے کروائیں؟
- آن لائن ادارے کامیاب کرنے کی ٹپس
- آن لائن کورسز اور مالی دھوکے بازیاں
- آن لائن کورسز کے سرٹیفکیٹ کیسے دیں؟
- قرآن، حدیث اور دیگر کورسز بنانے کی ٹریننگ
- کورسز کی سلائیڈز کے لیے پاور پوائنٹ کی ٹریننگ
- درسِ نظامی والے کون سے کورسز کروائیں؟
- کثیر افراد سے رابطہ کیسے بڑھائیں؟
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری کمپیوٹر ٹریننگ
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری موبائل ٹریننگ
- زوم پر کلاس اور ریکارڈنگ کا طریقہ
- انسٹیٹیوٹ کو اہل علم میں کیسے متعارف کروائیں؟
- بیرونِ ملک سے فیس کیسے منگوائیں؟

رجسٹریشن کی آخری تاریخ
9 مارچ 2025

داخلہ کی تفصیل

10 تا 20 مارچ 2025

داخلہ فیس انتہائی کم

پاکستان: **500** روپے | ہندوستان: **300** روپے

کلاس کی تفصیل

روزانہ واٹس اپ پر ریکارڈنگ بھیجی جائے گی

اپنی سہولت سے کسی بھی وقت ویڈیوز دیکھیں

ہر طرح کا سوال کرنے کی اجازت | اختتام پر سرٹیفکیٹ

داخلہ لینے والوں کو 100 تحقیقی کورسز کی ریکارڈنگ فری ملے گی

مدرس
استاذ التحقیق والتصنیف علامہ راشد علی مدنی
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل

ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل

خوشخبری